ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(377)

مورخہ 11.07.2023

**بہاولپور(            )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ عباسنگر پولیس کی کامیاب کارروائی، ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث 01 ملزم گرفتار۔گرفتار ملزم کے قبضہ سے دو لاکھ روپے نقد رقم، 02 عدد موٹر سائیکل اور اسلحہ ناجائز  برآمد۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اورڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ عباس نگر پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث 01 ملزم محمد سردار کو گرفتار کرلیا، جس سے متعدد مقدمات ٹریس ہوئے۔گرفتار ملزم کے قبضہ سے دو لاکھ روپے کی خطیر رقم ، 01 عدد موٹر سائیکل سی ڈی 70، 01 عدد موٹر سائیکل 125 اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔ پولیس نے ریکور شدہ رقم اصل مالکان کے حوالے کردی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ عباس نگر پولیس کی کامیاب کارروائی، ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، نقد رقم، موٹر سائیکل و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (378)

مورخہ 11/07/2023

**بہاولپور (          ) ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سول لائنیز پولیس کی کامیاب کارروائی، متعدد وارداتوں میں ملوث سجاد کھاکھی گینگ کے 02 ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے دولاکھ روپے سے زائد کی نقد رقم واسلحہ ناجائز برآمد۔ معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائنیز پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر متعدد وارداتوں میں ملوث سجاد کھاکی گینگ کے 02 ملزمان ارشد اور ملازم حسین کو گرفتار کرلیا، جن سے متعدد مقدمات ٹریس ہوئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے دولاکھ روپے سے زائد کی خطیر رقم اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔ پولیس نے ریکورشدہ رقم اصل مالکان کے حوالے کردی۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سول لائنیز پولیس کی کامیاب کارروائی، متعدد وارداتوں میں ملوث سجاد کھاکھی گینگ کے 02 ملزمان گرفتار، نقد رقم واسلحہ ناجائز برآمد